## سوال

(479) عورت مرتے وقت جس خاوند کے ساتھ ہوگی جنت میں بھی اسی کے ساتھ ہوگی

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت کی یکے بعد دیگرے کئی شادیاں ہوئی ہوں تو جنت میں کس خاوند کے ساتھ ہوگی۔ اگر کوئی نص ہو تو ذکر فرمائیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ابودرداء اور ام درداء رضی اللہ عنہما کا مکالمہ کہیں پڑھا ہے حوالہ اس وقت یاد نہیں ام درداء نے کہا میں آپ کو (ابودرداء کو) نہیں جانتی تھی گھر والوں نے آپ کے ساتھ شادی کر دی اب چاہتی ہوں کہ جنت میں بھی آپ کے ساتھ رہوں تو ابودرداء نے فرمایا پھر میرے بعد کسی کے ساتھ شادی نہ کرنا۔ تو اس حکماً مرفوع روایت سے پتہ چلتا ہے کہ عورت دنیا میں مرتے وقت جس خاوند کے پاس ہو اگر وہ دونوں جنت میں جائیں تو وہ اس کے پاس ہی ہوگی۔ (1)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

---

(1) قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اَلْمَرْأَةُ لِآخِرِ أَزْوَاجِھَا۔ عورت اپنے آخری خاوند کے پاس ہوگی۔ (السلسلة الصحيحة۔ ۱۲۸۱۔ ج ۳) اسی مقام پر ابودرداء رضی اللہ عنہ والی روایت ہے۔

احکام و مسائل

نکاح کے مسائل ج1ص330